# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

**Text of Urdu News Bulletin**

**Date: 11-August-2026**

**Time: 07:40 /PM**

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

۱۔۔۔۔۔ مختلف معاملات کو لے کر حزب اختلاف کے شوروغل کے چلتے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی آج بھی رہی متاثر۔

۲۔۔۔۔۔ ملک میں اب تک پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے 50 لاکھ سے زائد کنبے مستفید۔

۳۔۔۔۔۔ پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم شدومد سے جاری // یومِ آزادی تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل۔

اور

۴۔۔۔۔۔ راجوری میں تاریخی لاہ والی باؤلی کی شان رفتہ بحال کرنے کیلئے 5 کروڑ 78 لاکھ روپے لاگت والے منصوبے کو منظوری۔

پارلیمنٹ

لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کاروائی آج نیٹ معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران پولیس کی مبینہ کاروائی اور کئی دیگر معاملات کو لے کر حزب اختلاف کے احتجاج اور شوروغل کے نتیجے میں کل تک کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔لوک سبھا کی کاروائی جونہی صبح 11 بجے شروع ہوئی تو لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے وقفہ سوالات اٹھانے کی کوشش کی لیکن حزب اختلاف کے ارکان نے شوروغل جاری رکھا اور وہ اس حوالے سے وزیر داخلہ امت شاہ کے بیان کا مطالبہ کررہے تھے۔اوم برلا نے کہا کہ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کل ہی یہ بات واضح کردی کہ وزیر داخلہ طلبا کے حوالے سے بیان دینے کیلیے تیار ہیں۔

------V/O------

اس بیچ حزب اختلاف نے ہنگامہ آرائی اور احتجاج جاری رکھا جس کے بعد ایوان کی کاروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔راجیہ سبھا میں بھی شوروغل کے مناظر دیکھنے کو ملے۔پہلے التواء کے بعد جب کاروائی دوپہر 12 بجے دوبارہ شروع ہوئی تو چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے حزب اختلاف کے شوروغل کے بیچ وقفہ سوالات اٹھانے کی کوشش کی۔تاہم بعد میں کاروائی کو پہلے 2 بجے اور اس کے بعد کل تک کیلئے ملتوی کیا گیا۔

بل

اس بیچ لوک سبھا نے کیرالہ کا نام تبدیل کرنے سے متعلق بل 2026 منظور کیا۔بل کی رو سے آئین کے پہلے شیڈول میں کیرالہ کا نام کیریلم میں تبدیل کیا جاسکے گا۔اس حوالے سے کیرالہ قانون ساز اسمبلی نے جون 2024 میں ایک قرارداد پاس کی تھی۔لوک سبھا نے نیشنل کواپریٹیو ڈیولپمنٹ کارپوریشن ترمیمی بل 2026 کو بھی منظوری دی۔دونوں بلوں کو حزب اختلاف کے شوروغل کے بیچ بحث کے بغیر ہی پاس کیا گیا۔

راجیہ سبھا بل

ادھر راجیہ سبھا نے آج ٹربیونلز ریفارمز بل 2026 کو منظوری دی۔لوک سبھا نے پہلے ہی اس بل کو پاس کیا ہے۔دوسرے التوا کے بعد جب راجیہ سبھا کی کارروائی 2 بجے شروع ہوئی تو قانون وانصاف کے

وزیرارجن رام میگھوال نے یہ بل ایوان میں پیش کیا۔اس بل کا مقصد مختلف ٹریبونلز کے چیئر پرسنز اور ارکان کی تعلیمی قابلیت ،تعیناتی اوران کی سروس میں یکسانیت اور شفافیت لانا ہے۔

سوریہ گھر

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی فروری **2024** میں شروعات سے لیکر اب تک **50** لاکھ سے زائد کنبے مستفید ہوئے ہیں۔ یہ جانکاری آج لوک سبھا میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر پرلہاد جوشی نے ایک سوال کے جواب میں دی۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت اب تک مرکزی معاونت کے تحت **28** ہزار کروڑ روپے کی سبسڈی بھی فراہم کی گئی ہے۔

کھٹانہ

بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے راجیہ سبھا میں جموں وکشمیر میں جل جیون مشن کے تحت عملائی جارہی جل شکتی اسکیموں کے بارے میں ایک سوال اجاگر کیا جس کے جواب میں متعلقہ وزارت نے کہا کہ جل جیون مشن کے پہلے مرحلے کے تحت جموں وکشمیر کیلئے **18** لاکھ **514** کروڑ روپے مختص رکھے گئے جن میں سے اب تک صرف **8** ہزار **446** کروڑ روپے صرف کئے گئے ہیں۔

ہر گھر ترنگا

پورے ملک کے ساتھ ساتھ ان دنوں جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم شدومد سے جاری ہے۔

------**Music**---------

اس پہل کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں حب الوطنی کے جذبے کوتقویت بخشنے نیز جدو جہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے ترنگا ریلیوں اور دیگر بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جارہاہے جن میں عام لوگوں کے علاوہ کافی تعداد میں اسکولی بچے بھی شرکت کررہے ہیں۔کئی ایک مقامات پر ہر گھر ترنگا مہم کے تحت بائیک اور سائیکل ریلیوں نیز پیدل مارچ کا بھی انعقاد کیا گیا، جن میں لوگوں نے قومی ترنگا اپنے ہاتھوں میں لے کر وطن کے تئیں اپنی محبت کا اظہار کیا۔ملک بھر میں ہر گھر ترنگا پہل سال **2022** میں شروع ہوئی اوراب یہ ملک کی بڑی عوامی تحریک کے طور پر ابھر کر سامنے آرہی ہے۔

پولیس ترنگا

جموں وکشمیر پولیس کی طرف سے بھی آج مختلف اضلاع میں ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

آزادی تقریبات

دریں اثناء یومِ آزادی کی آنے والی تقریبات کو احسن طریقے پر منعقد کرنے کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ جموں وکشمیر میں یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوگی جہاں مہمان خصوصی قومی ترنگا لہرا کر پریڈ پر سلامی لیں گے۔ اسی طرح کی تقریبات جموں اور دیگر ضلع اور تحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہوں گی۔ IGP کشمیر V K بردی نے آج سرینگر میں بلیدان ستمبھ کا دورہ کرکے وہاں یومِ آزادی تقریبات کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ وادی بھر میں ان تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ان تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

-----V/O-----

صوبائی کمشنر

ادھر ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج بخشی اسٹیڈیم کا دورہ کرکے وہاں یوم آزادی تقریبات کے تعلق سے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تقریبات کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے پیشگی میں تمام انتظامات مکمل کریں۔ انہوں نے زمینی سطح پر بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے مختلف محکموں کے مابین موثر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ آئی جی پی کشمیر، ڈپٹی کمشنر سرینگر اور کئی دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

پروجیکٹ منظوری

حکومت نے جموں وکشمیر کے گوناگوں ثقافتی ورثے کو تحفظ دینے کے سلسلے کے تحت آج راجوری میں تاریخی ''لاہ والی باؤلی'' کی بحالی کیلئے 5 کروڑ 78 لاکھ روپے کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ اس

پہل سے ضلعے میں سیاحتی منظر نامے کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ واضح رہے کہ حالیہ مہینوں میں حکومت نے جموں اور کشمیر دونوں صوبوں میں مختلف تاریخی اور سیاحتی مقامات کو تحفظ دینے اور ان کی شان رفتہ بحال کرنے کیلئے کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران خانیار اور حضرتبل حلقوں میں اپنے ماتحت محکموں کے کام کا جائزہ لیا۔ خاص طور سے واٹر سپلائی اور آبپاشی اسکیموں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ وزیر موصوف نے سلیمان ٹینگ ڈل گیٹ میں ایک اضافی واٹر ریزروائر تعمیر کرنے کیلئے ایک کروڑ روپے کا اعلان کیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ عام لوگوں کی سہولت کیلئے تمام پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ میٹنگ میں ایم ایل اے خانیار علی محمد ساگر اور ایم ایل اے حضرتبل سلمان علی ساگر بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ککریال کٹرہ میں گورنمنٹ ڈگری کالج کی نئی تعمیر کی گئی عمارت کا افتتاح کیا۔ لگ بھگ 13 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی اس عمارت کی بدولت طلباء کو بہتر سہولیات میسر ہوں گی۔ وزیر موصوفہ نے اس موقعے پر کہا کہ موجودہ حکومت جموں و کشمیر کے تمام علاقوں میں تعلیمی منظر نامے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔ دریں اثنا سکینہ ایتو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج ادھمپور میں 8 کروڑ 30 لاکھ روپے کی لاگت والی 128 سلائس سٹی سکین مشین کا افتتاح کیا۔

**CBC**

اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سینٹرل بیورو آف کمیونکیشن کے اہتمام سے آج گورنمنٹ ہائر سکینڈری سکول گاڈہ کھڈ سنبل بانڈی پورہ میں نشہ مکت ابھیان سے متعلق دوروزہ آؤٹ ریچ پروگرام کا آغاز ہوا۔ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندوکنول چب نے اس پروگرام کاافتتاح کیا۔اس دوران مختلف محکموں کے ماہرین نے سماج پر منشیات کے مضر اثرات اوراس بدعت کا قلع قمع کرنے کے مختلف امورکو اجاگر کیا۔تقریب پر فیلڈ پبلسٹی آفیسر نصیر احمد راتھر کے علاوہ کئی دیگر افسران موجود تھے۔بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے نصیر احمد راتھر نے کہا

**........V/0.....**

**NC**

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے آج پیر باغ کالونی آبی ناؤ پورہ میں **65** لاکھ روپے کی لاگت سے روڈ پروجیکٹ کے تحت تعمیر کی گئی ڈیڑھ ہزارفٹ لمبی کنکریٹ سڑک کاافتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ پچھلے **2** برسوں کے دوران موجودہ سرکار نے جموں وکشمیر کے تمام علاقوں میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے میں خاطرخواہ اقدامات کئے ہیں۔دریں اثناء پارٹی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کے نرخوں میں اضافے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیاہے اورعوام کو چاہیئے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں۔انہوں نے کہا کہ سڑکوں پر میکڈم بچھانے کا کام بھی اب شروع کیا گیاہے۔

**BJPJK**

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اورممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج پارلیمنٹ میں مہیلا سمان سیونگس سرٹیفکیٹ سکیم کا معاملہ اٹھایااور جموں کشمیر میں خواتین کو مالی اعتبار سے بااختیار بنانے سے متعلق حکومت کی کاوشوں کی تفصیلات طلب کیں۔اس سوال کے جواب میں خزانہ کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ جموں کشمیر میں اس سکیم کے تحت **19** ہزار **418** اکاؤنٹ کھولے گئے ہیں جن کی بدولت **202** کروڑ روپے کی رقم جمع ہوگئی ہے۔بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج جموں میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر پارٹی کی مختلف سیلز کے کنوینئروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں ہرگھر ترنگامہم کے انتظامات اورتیاریوں کا جائزہ لیا۔

چوہان

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج **ICAR** پوسا نئی دلی میں نیشنل سکالرشپ پوٹل ذریعے سے ملک بھر کے **6** ہزار سے زائد ایگریکلچر طلبا کیلئے **21** کروڑ **35** لاکھ روپے کے سکالرشپ اور فیلو شپ واگذار کئے۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت غذا کی یقینی فراہمی اور کسانوں آمدن بڑھانے کی وعدہ بند ہے۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجینل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجینل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔

عرس

جموں وکشمیر میں سیدنا حضرت اماحسن مجتبیٰؓ کا عرس مبارک **13** اگست کو منایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں الم صاحب نروارہ اور آثار شریف ڈانگرپورہ نورشاہ مسجد میں تقاریب منعقد ہوں گی۔ درود واذکار اور ختمات المعظمات کی روح پرور مجالس منعقد ہونے کے ساتھ ساتھ ہر نماز کے بعد تبرکات کی نشاندہی کی جائے گی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21.6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **31.2** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **50** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **22** نٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خداحافظ۔

..............................................................